پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگوئج، آرٹ اینڈ کلچر

محکمہ اطلاعات وثقافت،حکومت پنجاب

پنجابی کمپلیکس، 1-قذافی سٹیڈیم فیروز پور روڈ۔لاہور

پریس ریلیز

پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگوئج، آرٹ اینڈ کلچر، محکمہ اطلاعات وثقافت پنجاب پنجابی زبان، فن، ثقافت اور صوفیاء کے امن، محبت اور برداشت کے پیغام کو فروغ دینے میں کوشاں ہے۔ سیکرٹری اطلاعات وثقافت دانیال گیلانی نے پلاک کا دورہ کیا۔ انہیں پلاک کے تمام شعبہ جات سے متعارف کرایا گیا۔ پلاک میں بطور سیکرٹری اپنے پہلے دورے کے موقع پر جناب دانیال گیلانی نے ایف ایم ریڈیو ''پنجاب رنگ'' کی ازسرِنو تازین وآرائش کی تعریف کی اور ریڈیو اسٹیشن کی مجموعی کارکردگی کو سراہا۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے پلاک میوزیم اور لائبریری کا بھی جائزہ لیا۔

ڈائریکٹر جنرل پلاک محترمہ ثمینہ فاطمہ ساہی نے پلاک پر ایک جامع بریفنگ دی، جس میں ادارے کی مختلف کامیابیوں پر روشنی ڈالی۔ سیکرٹری اطلاعت وثقافت نے ادارے کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اِس کی خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر کتاب ''کھیڈاں پنجاب دیاں'' کی اشاعت، پنجاب ناٹک مقابلہ اور چین کے قومی دن کے حوالے سے تقریبات کو بے حد سراہا۔ انہوں نے سوشل میڈیا کی افادیت اور اسے مزید بہتر بنانے کے لئے اقدامات کرنے پر زور دیا۔ سیکرٹری اطلاعت وثقافت جناب دانیال گیلانی نے پلاک کے عملے کی تنخواہوں میں اضافے کے مسئلے کو جلد حل کرنے کا وعدہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پلاک ڈاکٹر خاقان حیدر غازی، ڈپٹی ڈائریکٹر لینگوئج قاری عیاض احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن عامر شاہین رانجھا، ڈپٹی ڈائریکٹر آرٹ اینڈ کلچر شفاعت عباس بلوچ اور میڈیا کوآرڈینیٹر حسن جلیل نے شرکت کی۔

☆☆☆